صرف احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کے لئے

جمعہ 29 جولائی 2016ء

روزنامہ
1913ء سے جاری شدہ
FR-10

الفضل

The ALFAZL Daily
ٹیلی فون نمبر 047-6213029
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
web: http://www.alfazl.org
email: editoralfazl@gmail.com

جمعہ 29 جولائی 2016ء 24 شوال 1437 ہجری 29 وفا 1395 ہش جلد 66-101 نمبر 171

قومی اصلاح کی ذمہ داری

حضرت ابوبکرؓ کو قرآن شریف کا خاص فہم عطا ہوا تھا۔بعض لوگوں نے سورة مائدہ کی آیت 6 سے (جس میں ذکر ہے کہ اے لوگو! تم اپنے ذمہ دار ہو کسی کی گمراہی تمہیں نقصان نہیں دے گی) یہ استدلال کیا کہ برائیوں کا قلع قمع ہماری ذمہ داری نہیں کیونکہ ہر فرد کو اپنی ذاتی اصلاح کا حکم ہے۔حضرت ابوبکرؓ نے اس خیال کی سختی سے تردید کی اور فرمایا کہ یہ اس آیت کا درست مطلب نہیں۔(کیونکہ آیت میں واحد کے بجائے جمع کے صیغے میں اصلاح معاشرہ کی قومی ذمہ داری کی طرف توجہ دلائی گئی ہے)اور نبی کریم ﷺ نے فرمایا ہے کہ ”جو لوگ برائی کو دیکھ کر اس کا ازالہ نہیں کرتے تو اس کی سزا سارے معاشرہ کو دی جاتی ہے۔“ (مسند احمد جلد 1 ص 5)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

”اپنے اندر قوت جاذبہ پیدا کرو اور قوت جاذبہ اُس وقت پیدا ہوگی جب تم صادق مومن بنو گے اور اگر تم صادق نہیں تو تمہاری نصیحت ایسی ہے جیسے پرنالہ کا پانی موجب فساد ہوتا ہے۔پس صادق کے واسطے ورزش کی اشد ضرورت ہے۔جیسے ایک پہلوان کے سامنے تمہاری کیا ہستی ہے کہ مقابلہ کر سکو۔اگرچہ وہ بھی تمہارے جیسا آدمی تھا۔جسمانی نشوونما میں اس نے ترقی کی اور ورزش کر کے یہ طاقت حاصل کی۔پس تم روحانی قویٰ میں ورزش کر کے روحانی پہلوان یعنی صادق مومن بنو۔جو شخص اپنا نشوونما نہیں کرتا وہ تو اپنے کنبہ کو بھی درست نہیں کر سکتا۔پس قوت روحانی پیدا کرو۔دیکھو نبی، رسول سب ایک ایک ہو کر ہی آئے ہیں مگر وہ صادق اور جاذب تھے۔مال کی غریبی اور کمزوری جدا چیز ہے۔روحانی قوت ہونی چاہئے۔ہاں کشش میں بھی وہی سعادت مند ہوتے ہیں جن کو کچھ مناسبت ہوتی ہے۔مثلاً انجن سرد ہے تو فائدہ نہیں دے سکتا۔اگر خوب گرم ہے تو سو گاڑی بھی لے جاوے گا۔پس گرم اور پُر تاثیر مومن بنو۔اس ہماری جماعت کے واسطے خدا کا وعدہ ہے کہ دنیا میں پھیلے گی۔پھر اگر طاقت والے اور اس کے پھیلانے والے اَور لوگ ہوں گے تو تم نے کیا حاصل کیا؟

اب سوال یہ ہوگا کہ طاقت کس طرح پیدا ہوتی ہے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ صادق اور پکّا بندہ بن جاوے تا کہ کسی زلزلہ سے برگشتہ اور مُنہ پھیرنے والا نہ ہو۔صحابہ کرامؓ سارے ہی باخدا اور عاقل تھے مگر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اُن سے بڑھ کر ایسے وفادار تھے کہ کوئی سمجھ ہی نہیں سکتا تھا۔اسی لیے آپ کو سانپوں اور درندوں اور خاردار کانٹوں والا جنگل اس کے درندے، حیوانات انسانی شکل میں دکھلائے گئے۔پھر ملک بھی ایسا اس کے سپرد کیا کہ جس سے بڑھ کر دنیا میں کوئی شریر النفس نہ تھا۔پھر آئے ایسے وقت پر کہ تمام مُردہ اور فساد کی جڑھ تھے۔جیسے فرمایا: ظَهَرَ الْفَسَادُ ...... اور گئے ایسے وقت پر کہ فرمایا: اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ ...... اس کو معجزہ کہتے ہیں اور اس سے معلوم ہوتا ہے کہ کتنی محبت الٰہی اور قوت جاذبہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اندر تھی۔پس خدا تعالیٰ کے خاص بندوں اور غیروں میں اتنا فرق ہوتا ہے کہ قوت ایمانی اور استقامت ایسی ہو کہ کسی رکاوٹ شدید سے باز نہ رہے۔اس صفت سے جس کو جتنا حصہ ملا ہے اتنا ہی وہ برکت کا موجب ہوگا۔

میرا مطلب یہ ہے کہ تم اپنی تبدیلی کے واسطے تین باتیں یاد رکھو:

(1) نفسِ امّارہ کے مقابل پر تدابیر اور جدوجہد سے کام لو۔(2) دعاؤں سے کام لو۔(3) سست اور کاہل نہ بنو اور تھکو نہیں۔ (ڈائری حضرت مسیح موعود 28۔اکتوبر 1904ء)

داخلہ مدرسۃ الحفظ طالبات

مدرسۃ الحفظ طالبات میں داخلہ 8,7 اگست 2016ء کو مدرسۃ الحفظ طلباء ربوہ میں ہوں گے۔داخلہ کیلئے امیدواران کی لسٹ مدرسۃ الحفظ طلباء اور نظارت تعلیم میں لگائی جائے گی۔تمام امیدواران اور والدین سے درخواست ہے کہ جگہ کی تبدیلی نوٹ فرمالیں۔ (پرنسپل عائشہ اکیڈمی ربوہ)

ضرورت انسپکٹران مال آمد

نظارت مال آمد میں انسپکٹران کی چند آسامیاں خالی ہیں۔خدمت سلسلہ کا شوق رکھنے والے ایف۔اے پاس امیدوار جن کی عمر 25 سال تک ہو۔اپنے صدر/امیر صاحب کی سفارش سے اپنی درخواستیں معہ سندات کی فوٹو کاپی بھجوائیں۔اس کیلئے درج ذیل نصاب کے مطابق امتحان پاس کرنا ضروری ہے۔

(الف) قرآن مجید ناظرہ، پہلا پارہ باترجمہ، چالیس جواہر پارے، ارکان دین، نماز مکمل باترجمہ۔

(ب) کتب حضرت مسیح موعود، عام دینی معلومات اور بابت عقائد جماعت احمدیہ پر ایک مضمون لکھنا ہوگا۔

(ج) انگریزی وحساب بمطابق معیار میٹرک اور عام معلومات وغیرہ۔

امیدوار کا خوشخط لکھنا لازمی ہوگا۔نیز کامیاب ہونے کیلئے پچاس فیصد نمبر حاصل کرنے لازمی ہوں گے۔ (ناظر مال آمد ربوہ)

درخواست دعا

مختلف جگہوں پر بعض احمدی افراد مختلف جھوٹے مقدمات میں ملوث کئے گئے ہیں ان افراد جماعت کی باعزت بریت کیلئے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان احباب کی قربانی قبول فرمائے اور ہر قسم کے شر سے محفوظ رکھے۔آمین

پبلشر و پرنٹر : طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ .... مطبع: ضیاء الاسلام پریس .... مقام اشاعت : دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ .... قیمت 6 روپے

تقریب سنگ بنیاد ناصر ہسپتال گوئٹے مالا

مکرم عبدالستار خان صاحب امیر جماعت احمدیہ گوئٹے مالا

مورخہ 4 جون 2016ء کو ''ناصر ہسپتال'' گوئٹے مالا کے سنگ بنیاد کی تقریب منعقد ہوئی۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے نمائندہ خصوصی محترم مولانا مبارک احمد نذیر صاحب مشنری انچارج کینیڈا نے دعا کے ساتھ اس کا سنگ بنیاد رکھا۔ تقریب کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا۔

خاکسار نے جملہ حاضرین کو اس تقریب میں شمولیت کرنے پر خوش آمدید کہا۔ مکرم کیپٹن ماجد احمد خان صاحب نے جنہیں سیدنا حضرت اقدس خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے ہسپتال کے تعمیراتی کام کی نگرانی سپرد کی ہے، ہسپتال سے متعلق ضروری کوائف سے سامعین کو آگاہ کیا۔ بعدازاں محترم منعم نعیم صاحب نائب امیر جماعت احمدیہ امریکہ و وائس چیئر مین ہیومینیٹی فرسٹ امریکہ نے ہیومینیٹی فرسٹ کی عالمی خدمات سے آگاہ کیا۔ محترم David Gomzalez ڈائریکٹر ہیومینیٹی فرسٹ گوئٹے مالا نے خدمت انسانیت کے حوالہ سے گوئٹے مالا کی ہیومینیٹی فرسٹ H.F کی مساعی کا ذکر کرتے ہوئے بتایا کہ یہاں H.F کا قیام 2010ء میں کیا گیا۔ اور اب تک 45 ہزار سے زائد افراد کو مفت طبی امداد اور تعلیمی سہولیات مہیا کی جا چکی ہیں۔ اس طرح 173 کنویں بنوا کر پینے کا پانی مہیا کیا گیا ہے۔ نیز مسرور احمد پرائمری سکول سے بیسیوں نادار خاندانوں کے بچے بہترین تعلیمی سہولت سے استفادہ کر رہے ہیں۔ اسی طرح کمپیوٹر لیب سے سینکڑوں مستحق طلباء فائدہ اٹھا رہے ہیں۔

بعدازاں امریکہ کے احمدی ڈاکٹرز کی ایسوسی ایشن کے صدر مکرم ڈاکٹر لطف الرحمٰن صاحب نے اپنے مختصر خطاب میں احمدی ڈاکٹر صاحبان کی انسانیت کیلئے خدمات کا ذکر کیا۔

وائس منسٹر آف ہیلتھ Mr.Rodolfo Zea نے H.F کی خدمات کو سراہتے ہوئے ناصر ہسپتال کے منصوبے کو اس علاقے کے لوگوں کیلئے ایک عظیم نعمت قرار دیا۔ ازاں بعد گورنر سٹیٹ Sacatepequz ممبر پارلیمنٹ۔ ڈائریکٹر ہیلتھ اور تین میئرز صاحبان نے خطابات کئے اور H.F کی خدمات کو سراہا۔

آخر پر محترم مولانا مبارک احمد نذیر صاحب نمائندہ خصوصی حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ و مشنری انچارج کینیڈا نے خطاب کیا اور خدمت انسانیت کے حوالہ سے قرآن کریم کی تعلیمات اور جماعت احمدیہ کی خدمات کا تذکرہ کیا۔

ازاں بعد سنگ بنیاد رکھے جانے کی تقریب منعقد ہوئی۔ سب سے پہلے محترم مولانا مبارک احمد نذیر صاحب نے دعا کرتے ہوئے سنگ بنیاد میں وہ اینٹ نصب کی جسے سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے دعا کر کے لندن سے بھجوایا تھا۔

بعدازاں نائب وزیر صحت۔ گورنر صاحب۔ ممبر پارلیمنٹ و دیگر معززین نے اینٹیں رکھنے کی سعادت حاصل کی۔ ان کے بعد خاکسار، محترم منعم نعیم صاحب، محترم ڈاکٹر لطف الرحمٰن صاحب۔ مکرم ملک بشیر صاحب کنٹری ڈائریکٹر ہیومینیٹی فرسٹ برائے گوئٹے مالا۔ یو ایس اے مکرم حفیظ الرحمٰن صاحب مکرم ڈاکٹر ہارون امریکہ، مکرم ڈاکٹر آغا شاہد صاحب امریکہ، محترمہ Marta Maria صاحبہ صدر لجنہ گوئٹے مالا۔ مکرم Dario Samayoa صاحب صدر خدام الاحمدیہ گوئٹے مالا MTA یو ایس ٹیم کے نمائندہ مکرم داؤد چٹھہ صاحب نے بنیادی اینٹیں نصب کرنے کی سعادت حاصل کی۔ نیز مربی Beliz مکرم نوید احمد منگلا صاحب نے بھی اینٹ رکھی۔ آخر پر محترم مولانا مبارک احمد صاحب نے اجتماعی دعا کروائی اور جملہ حاضرین کی خدمت میں ریفریشمنٹ پیش کی گئی۔

مہمانوں کے تاثرات

Masagua میونسپلٹی کی میئر محترمہ ڈاکٹر Blanca Alfaro نے اپنے خطاب میں کہا کہ میرے علاقہ میں ہیومینیٹی فرسٹ نے متعدد میڈیکل کیمپس لگا کر نادار مریضوں کی بے لوث خدمت کی ہے۔ H.F کے ڈاکٹرز صاحبان اور کارکنان نے بے لوث جذبہ خدمت سے عوام کی خدمت کر کے ہمیں ایک دوسرے سے محبت اور خدمت کرنے کا سبق سکھایا۔ میں H.F کی خدمات کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتی ہوں۔

ممبر آف پارلیمنٹ Mr Cergio Celis نے کہا کہ H.F کی خدمات قابل قدر ہیں۔ جو بلاتفریق رنگ و نسل و مذہب انسانیت کی بے لوث خدمت کر رہی ہے۔ مجھے اس بات پر بھی فخر ہے کہ جلسہ سالانہ UK 2013ء میں شمولیت کا موقع ملا اور امام جماعت احمدیہ حضرت مرزا مسرور احمد صاحب سے بھی ملاقات کا شرف نصیب ہوا تھا۔ اس ملاقات میں گوئٹے مالا میں ہسپتال بنانے کی تجویز کی گئی تھی۔ جسے آپ نے منظور فرما لیا۔ اور آج اس کی عملی تصویر ہم دیکھ رہے ہیں کہ عظیم ہسپتال کا سنگ بنیاد رکھا جا رہا ہے۔

☆ گورنر سٹیٹ Sacate Peques Mr. Jacinto Castro Galicia نے کہا کہ مجھے بہت خوشی ہوئی کہ H.F میری سٹیٹ میں یہ ہسپتال تعمیر کر رہی ہے۔ میری خدمات H.F کے لئے حاضر ہیں۔ میری طرف سے ہر قسم کا تعاون رہے گا۔ اس علاقہ میں ہسپتال کی تعمیر ایک اہم سنگ میل ہے۔

☆ نائب وزیر صحت نے ''ناصر ہسپتال'' کے پروجیکٹ کو بہت ہی قابل قدر منصوبہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس علاقہ کے عوام طبی سہولیات سے محروم ہیں۔ ان کے لئے یہ ایک نعمت غیر مترقبہ ثابت ہو گا۔

ناصر ہسپتال کے مختصر کوائف

گوئٹے مالا کی بیت الاول سے ملحق بیت الشافی کلینک تعمیر کیا گیا تھا جس کا افتتاح 1991ء میں سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے فرمایا تھا۔

جو سالہا سال تک خدمت انسانیت کرتا رہا۔ جس کے پہلے انچارج محترم ڈاکٹر جمال الدین ضیاء صاحب تھے۔ بعدازاں بعض ناگزیر حالات کی وجہ سے یہ کلینک بند کر دیا گیا۔

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کی خدمت میں گوئٹے مالا میں H.F کے تحت ہسپتال بنانے کی سفارش کی گئی جسے حضور انور نے منظور فرمایا اور ہسپتال کا نام سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کے نام پر ''ناصر ہسپتال'' عطا فرمایا۔

یہ ہسپتال بیت الاول سے 16 کلومیٹر کے فاصلہ پر میونسپلٹی Santiago میں بر لب سڑک ہے۔ یہ شاہراہ گوئٹے مالا اور میکسیکو کی سرحد کو ملاتی ہے۔

اس کا رقبہ 2.6 ایکڑ ہے۔ زمین کی خرید اور اس کی تعمیر وغیرہ کے اخراجات کا ابتدائی اندازہ 2.7 ملین امریکن ڈالرز ہے۔ جملہ اخراجات H.F یو ایس اے برداشت کر رہی ہے۔

اس بلڈنگ کا مسقّف حصہ 25 ہزار مربع فٹ ہو گا اور اس میں 24 بیڈز، جنرل سرجری ڈیپارٹمنٹ انٹرنل میڈیسن۔ بچوں کا ڈیپارٹمنٹ، میٹرنٹی اور ایمرجنسی ڈیپارٹمنٹ ہوں گے اور اس میں سپیشلائزیشن کی بھی گنجائش ہو گی۔

مسرور احمد سکول کا وزٹ

سنگ بنیاد کی تقریب کے بعد محترم مولانا مبارک احمد نذیر صاحب کی قیادت میں بیرونی ممالک سے تشریف لانے والے مہمان کرام H.F کے پرائمری سکول ''مسرور احمد سکول'' تشریف لے گئے جو میونسپلٹی Alotenango میں واقع ہے۔ سکول کے اساتذہ و طلباء نے جملہ معزز مہمانوں کا پُرخلوص استقبال کیا۔ محترم مولانا صاحب اور وفد کے اراکین ہر کلاس روم میں تشریف لے گئے۔ بڑی کلاس کے بچوں کو محترم مولانا نذیر صاحب نے چند نصائح بھی کیں۔

یہ سکول جنوری 2015ء میں جاری کیا گیا۔ حکومت سے منظور شدہ ادارہ ہے۔ کنڈر، نرسری اور پریپ کے علاوہ پہلی سے چھٹی کلاس کے طلباء تعلیم حاصل کرتے ہیں۔ امسال 2016ء میں سیکنڈری کی پہلی کلاس کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ ہر سال ایک کلاس کا اضافہ کر کے سیکنڈری سکول کا درجہ حاصل کرے گا۔

263 طلباء زیر تعلیم ہیں۔ 20 افراد پر مشتمل سٹاف ہے۔ سکول کی بلڈنگ مقامی میونسپلٹی نے مہیا کی ہوئی ہے۔ یہ ایک وسیع عمارت ہے۔ جس میں بجلی پانی وغیرہ کی سہولیات لوکل میونسپلٹی نے مہیا کی ہوئی ہیں۔

کمپیوٹر لیب

سکول کا وزٹ کرنے کے بعد جملہ مہمانان کرام H.F کے تحت جاری کمپیوٹر لیب تشریف لے گئے جو Antigua Guatemala شہر میں واقع ہے۔ جہاں سپینش انگلش اور انگلش سپینش سکھانے کی اکیڈمی بھی جاری ہے۔ اس کمپیوٹر لیب و اکیڈمی کا آغاز 2012ء میں کیا گیا۔ اس وقت 29 تعلیمی ادارہ جات (جو کمپیوٹر کی سہولت سے محروم ہیں) کے طلباء کمپیوٹر ٹریننگ کا کورس مکمل کر چکے ہیں جن کی تعداد 2 ہزار 27 طلباء ہے۔ یہ ادارہ بھی گورنمنٹ کی طرف سے منظور شدہ ہے۔ اکثریت نادار و غریب طلباء ہے۔ جنہیں مفت کمپیوٹر ٹریننگ کا کورس کروایا جاتا ہے۔ کمپیوٹر لیب، اکیڈمی برائے انگلش سپینش زبان اور ''مسرور احمد'' پرائمری سکول کے انچارج ڈائریکٹر ہیومینیٹی فرسٹ David Gonzalez صاحب ہیں اور چیئرمین ہیومینیٹی فرسٹ گوئٹے مالا کی ذمہ داری خاکسار کے سپرد ہے۔

ناصر ہسپتال کے سنگ بنیاد کی تقریب میں درج ذیل اہم شخصیات نے شرکت کی۔

1۔ نائب وزیر صحت
Mr. Rodolfo Zea Flores

2۔ گورنر سٹیٹ (Sacate Pequse)
Mr. Jacinto Castro Galicia

3۔ ممبر پارلیمنٹ Mr. Sergio Celis

4۔ وزارت خارجہ کے نمائندہ
Mr. Saul Alegria

5۔ ڈائریکٹر جنرل Fudigua
Mr. Elias Gonzalez

6۔ میئر آف Sumpango میونسپلٹی
Mr. Efrain Paredes

7۔ میئر آف Santiago میونسپلٹی
Dr. Juan Carlos Barrios

8۔ میئر آف Masagua میونسپلٹی
Dra. Blomca Alfaro

علاوہ ازیں امریکہ، کینیڈا، میکسیکو اور بیلیز سے 21 احباب نے اس تقریب میں شرکت کی۔

احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے ''ناصر ہسپتال'' کے پروجیکٹ کو ہر لحاظ سے کامیاب بنائے۔ اس کے لئے عطیات دینے والوں اور H.F کے جملہ کارکنان کو غیر معمولی دینی و دنیاوی برکات سے نوازے۔ آمین

مکرم اویس نصیر صاحب

تعلیم القرآن کی الٰہی تحریک اور اس کے ثمرات

خلفاء احمدیت کا عشق قرآن توان کے تمام خطابات، خطبات اور قول وعمل سے چھلکتا ہے۔ ان میں سے ہر ایک ہی حضرت اقدس مسیح موعود کے اس شعر کی عملی تصویر نظر آتا ہے۔

دل میں یہی ہے ہر دم تیرا صحیفہ چوموں
قرآں کے گرد گھوموں کعبہ میرا یہی ہے

سیدنا و امامنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کی ابتدائی تحریکوں میں سے تحریک تعلیم القرآن ووقف عارضی اس کا ایسا روشن ثبوت ہے جس کی چمک دمک دن بدن مزید بڑھتی ہوئی دکھائی دیتی ہے۔ آپ کو خود بھی بہت بچپن میں ظاہری طور پر بھی قرآن کریم کے حفظ کی توفیق ملی اور روحانی طور پر بھی آپ کی زندگی کا ہر حرکت وسکون اور آپ کی سیرت اور اخلاق وشمائل کا ہر گوشہ قرآن کریم کے نور سے روشن تھا اور آپ کی ہر تحریر وتقریر سے بزبان حال الخیر کلہ فی القرآن کا اعلان عام ہوتا رہا۔ آپ کا قرآن کریم سے یہ عشق بلا مبالغہ آسمانوں کی بلندیوں کو چھو رہا تھا۔

الٰہی تحریک

الٰہی تحریک سے مراد یہ ہے کہ جب خلفاء کے دل میں اللہ تعالیٰ اپنے کسی منشاء کے تحت کسی خاص کام کے لئے جوش پیدا کرتا ہے تو وہ اس کام کو تنظیمی یا ادارتی رنگ دیتے ہیں اور معین ٹارگٹ دیتے ہیں تو اسے جماعت میں الٰہی تحریک کے نام سے یاد کیا جاتا ہے اور پھر اس تحریک کے نتیجہ میں عظیم الشان ثمرات حاصل ہوتے ہیں وہ اس بات کی عملی گواہی بن جاتے ہیں کہ یہ سب نظام اللہ تعالیٰ کی خاص تائید ونصرت سے جاری ہے۔

مکرم عبدالسمیع خان صاحب ایڈیٹر روزنامہ الفضل اس امر کی وضاحت کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

’’اللہ تعالیٰ کی رہنمائی اور وقت کی ضرورت کے تابع مختلف وقتوں پر بعض قرآنی نصائح پر زیادہ شدت سے کاربند ہونے کی ضرورت ہوتی ہے اور یہی عمل صالح کی تعریف ہے یا کسی معاملہ میں کمزوری کی وجہ سے اس کی طرف خصوصی توجہ دلائی جاتی ہے اور خلفاء سلسلہ الٰہی تفہیم کے تحت جماعت کے لئے نئی سکیم یا پروگرام کا اعلان کرتے ہیں اسی کو جماعتی اصطلاح میں خلفائے سلسلہ کی تحریکات کہا جاتا ہے۔ اس سلسلہ میں ائمہ بعض دفعہ نظام جماعت کو مخاطب کرتے ہیں اور نئے دفاتر یا محکموں کا قیام ہوتا ہے جو تمام اعداد وشمار جمع کرتے ہیں اور تدریجی ترقی کا ریکارڈ رکھتے ہیں۔ بعض دفعہ ایک عمومی تحریک ہوتی ہے اور احباب جماعت اپنے طور پر ذمہ دار ٹھہرتے ہیں اور معاشرہ میں ایک عمومی بیداری اور ہلچل نظر آتی ہے۔ الٰہی منشاء کے مطابق کئی دفعہ نئی سکیموں کا اجراء ہوتا ہے اور کئی دفعہ سابقہ سکیموں میں نئے اضافے اور تبدیلیاں ہوتی ہیں اور ان سب کا مقصد ایک ہی ہے کہ جماعت احمدیہ قرآن کریم اور آنحضرت ﷺ کی سچی اطاعت کرنے والی ہو اور مسابقت فی الخیر میں ہمیشہ قدم آگے بڑھاتی رہے‘‘۔

(خالد مئی، جون خلافت نمبر 2014ء۔ صفحہ 101)

1966ء میں جب حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے الٰہی منشاء کے تحت تعلیم القرآن ووقف عارضی کی تحریک جاری کی تو اس کے بے شمار شیریں ثمرات ابتدا سے ہی سے ظاہر ہونا شروع ہوگئے اور آج تک احمدی اس سے لطف اندوز ہو رہے ہیں۔ اس تحریک کے بارہ میں اللہ تعالیٰ نے حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کو ایک روحانی نظارہ بھی دکھایا جس میں آپ نے دیکھا کہ پوری زمین ایک سرے سے دوسرے سرے تک نور سے منور ہوگئی ہے اور وہ نور ’’بشریٰ لکم‘‘ کی عظیم بشارت کے الہامی الفاظ میں ڈھل گیا۔ اس تحریک کے متعلق اس عظیم الشان بشارت کا ذکر کرتے ہوئے حضور فرماتے ہیں:

’’جو نور میں نے اس دن دیکھا تھا۔ وہ قرآن کریم کا نور ہے۔ جو تعلیم القرآن کی سکیم اور عارضی وقف کی سکیم کے ماتحت دنیا میں پھیلایا جا رہا ہے۔

(خطبہ جمعہ 5/اگست 1966ء)

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے تعلیم القرآن کو خلیفہ وقت کا سب سے اہم کام قرار دیا اور باقاعدہ ایک منصوبہ کے تحت تعلیم القرآن کا آغاز فرمایا اور جماعتوں کو معین ٹارگٹ دیا کہ کوئی ایسا بچہ نہ ہو جسے قرآن کریم ناظرہ نہ پڑھنا آتا ہو۔ چنانچہ آپ نے خطبہ جمعہ 4 فروری 1966ء میں فرمایا۔

’’اس سلسلہ میں جو ابتدائی منصوبہ میں جماعت کے سامنے رکھنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ جماعت احمدیہ لاہور کے تمام بچوں کو قرآن کریم ناظرہ پڑھانے کا کام مجلس خدام الاحمدیہ کرے اور کراچی کی جماعت کے بچوں کو قرآن کریم ناظرہ پڑھانے کا کام میں مجلس انصار اللہ کے سپرد کرتا ہوں۔ ضلع سیالکوٹ کی دیہاتی جماعتوں میں یہ کام مجلس خدام الاحمدیہ کرے۔ ضلع جھنگ میں جو جماعتیں ہیں ان کے بچوں کو قرآن کریم ناظرہ پڑھانے کا کام مجلس انصار اللہ کے سپرد کیا جاتا ہے۔ ان کے علاوہ جو جماعتیں ہیں ان میں اس اہم کام کی طرف نظارت اصلاح وارشاد کو خصوصی توجہ دینی چاہیئے۔ ہماری یہ کوشش ہونی چاہیئے کہ دو تین سال کے اندر ہمارا کوئی بچہ ایسا نہ رہے جسے قرآن کریم ناظرہ پڑھنا نہ آتا ہو....اس منصوبہ کی تفاصیل متعلقہ محکمے تیار کریں اور ایک ہفتہ کے اندر اندر مجھے پہنچائیں‘‘۔

اس تحریک کے تقریباً ڈیڑھ ماہ بعد حضور نے تعلیم القرآن کے کام کو مزید منظّم کرنے کے لئے وقف عارضی کا اجراء فرمایا۔ اسی سال 24 جون تا 16 ستمبر 1966ء تقریباً تین ماہ مسلسل قرآنی انوار پر خطبات جمعہ ارشاد فرمائے۔ حضور نے جماعت کے عہدیداران خصوصاً امراء اضلاع کو اس تحریک کو کامیاب بنانے کی طرف توجہ دلاتے ہوئے فرمایا۔

’’پس میں آپ کو ایک دفعہ پھر آگاہ کرتا ہوں اور متنبہ کرتا ہوں کہ آپ اپنے اصل مقصد کی طرف متوجہ ہوں اور اپنی انتہائی کوشش کریں کہ جماعت کا ایک فرد بھی ایسا نہ رہے نہ بڑا نہ چھوٹا نہ مرد نہ عورت نہ جوان نہ بچہ کہ جسے قرآن کریم ناظرہ پڑھنا نہ آتا ہو۔ جس نے اپنے ظرف کے مطابق قرآن کریم کے معارف حاصل کرنے کی کوشش نہ کی ہو‘‘۔

(خطبہ جمعہ یکم جولائی 1966ء)

تین سال بعد حضور انور نے اس تحریک کا جائزہ لیا اور خطبہ جمعہ 28 مارچ 1969ء کو مرکزی نظام میں ایڈیشنل نظارت اصلاح وارشاد تعلیم القرآن و وقف عارضی کا اضافہ فرمایا۔ جس کا الگ دفتر یکم مئی 1969ء میں بنا۔

مجلس موصیان اور تعلیم القرآن

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے 5/اگست 1966ء کو انجمن موصیان اور موصیات قائم کرنے کا اعلان فرمایا تھا۔ آپ نے فرمایا:

’’موصی صاحبان کا ایک بڑا گہرا اور دائمی تعلق قرآن کریم، قرآن کریم کے سیکھنے، قرآن کریم کے نور سے منور ہونے، قرآن کریم کی برکات سے مستفیض ہونے اور قرآن کریم کے فضلوں کا وارث بننے سے ہے۔ اسی طرح قرآن کریم کے انوار کی اشاعت کی ذمہ داری بھی ان لوگوں پر عائد ہوتی ہے...... اس لئے میں نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ تعلیم القرآن اور وقف عارضی کی تحریکوں کو موصی صاحبان کی تنظیم کے ساتھ ملحق کر دیا جائے اور یہ سارے کام ان کے سپرد کئے جائیں۔

(خطبہ جمعہ 5/اگست 1966ء)

خطبہ جمعہ 4/اپریل 1969ء میں حضور انور نے تعلیم القرآن کے کام کو موصیان کے سپرد کرتے ہوئے فرمایا:

’’خدا چاہتا ہے کہ یہ تنظیم قرآن کریم کے پڑھنے اور پڑھانے سے اپنا کام شروع کرے‘‘۔

اسی خطبہ میں ان کے معین فرائض کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا:

’’ایک تو موصیوں کے صدر اور نائب صدر کی ذمہ داری یہ ہے کہ وہ اپنے حلقہ کے موصیوں کا جائزہ لے کر ایک ماہ کے اندر اندر ہمیں اس بات کی اطلاع دیں کہ کس قدر موصی قرآن کریم ناظرہ جانتے ہیں اور جو موصی قرآن کریم ناظرہ جانتے ہیں ان میں سے کس قدر موصی قرآن کریم کا ترجمہ جانتے ہیں اور جو موصی قرآن کریم کا ترجمہ جانتے ہیں ان میں سے کس قدر قرآن کریم کی تفسیر سیکھنے کی کوشش کرتے رہتے ہیں۔ دوسری ذمہ داری یہ ہے کہ ہر موصی کو قرآن کریم آتا ہو اور تیسری ذمہ داری آج میں ہر اس موصی پر جو قرآن کریم جانتا ہے یہ ڈالنا چاہتا ہوں کہ وہ دو ایسے دوستوں کو قرآن کریم پڑھائے جو قرآن کریم پڑھے ہوئے نہیں اور یہ کام باقاعدہ ایک نظام کے ماتحت ہو اور اس کی اطلاع نظارت متعلقہ کو دی جائے‘‘۔

اسی خطبہ میں حضور نے مجلس انصار اللہ کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا کہ وہ خود قرآن سیکھیں اور جن کے نگران ہیں انہیں بھی سکھائیں اسی طرح حضور نے خدام اور لجنہ کو بھی تعلیم القرآن کی نگرانی کا ارشاد فرمایا۔ آپ نے اس منصوبہ کے لئے 6 ماہ کا عرصہ مقرر فرمایا تھا لیکن اس کے بعد خطبہ جمعہ 20 جون 1969ء میں چھ ماہ کے بجائے ڈیڑھ سال کا عرصہ مقرر فرمایا۔ تحریک تعلیم القرآن کے منصوبہ کے تحت ہی حضور انور نے فضل عمر درس القرآن کلاس کو نظارت تعلیم القرآن کے ساتھ منسلک کر دیا جو کہ نظارت اصلاح وارشاد کے تحت 1964ء میں شروع ہو چکی تھی۔ تعلیم القرآن کے لئے ہی حضور انور نے خطبہ جمعہ 20 جون 1969ء میں تفسیر حضرت مسیح موعود کی پہلی جلد پڑھنے کی تحریک فرمائی تھی۔ اسی طرح حضور نے 12 ستمبر 1969ء کو کراچی میں احباب جماعت کو سورۃ بقرہ کی ابتدائی سترہ آیات یاد کرنے اور سمجھنے کی تحریک فرمائی تھی۔

جماعت احمدیہ کی صد سالہ جوبلی سے 10 سال قبل حضور انور نے 28/اکتوبر 1979ء کو تعلیم القرآن کے لئے دس سالہ تحریک فرمائی جس کے مطابق جماعت احمدیہ کی پہلی صدی کے اختتام تک جماعت کا ہر چھوٹا بڑا قرآن کریم سکھانے کی طرف خاص طور پر متوجہ ہو۔ چنانچہ تعلیم القرآن کے لئے دس سالہ تحریک کرتے ہوئے فرمایا:

’’ہماری جماعتی زندگی کے سو سال پورے ہونے میں قریباً دس سال باقی ہیں اور میرے اس پروگرام کا تعلق انہیں دس سالوں سے ہے...... اس پروگرام کا پہلا حصہ علوم روحانی کا سیکھنا ہے۔ اس کے لئے ہر احمدی بچہ خواہ وہ شہر میں رہنے والا ہو یا دیہات میں خواہ وہ بڑی جماعتوں کا طفل ہو خواہ وہ ایسے خاندان سے تعلق رکھنے والا ہو جہاں پر ایک ہی خاندان احمدی ہوا سے جتنا ممکن ہو سکے قاعدہ یسرنا القرآن پڑھا دیا جائے ...... عمر کے لحاظ سے ہر طفل، ہر خادم، ہر نیا احمدی، ہر پرانا غافل احمدی قرآن کریم کا ترجمہ سیکھنے کی طرف متوجہ ہو...... جو افراد قرآن کریم کا ترجمہ جانتے ہیں وہ قرآن کریم کے معانی کی تفسیر پڑھنے کی طرف متوجہ ہوں‘‘۔

(روزنامہ الفضل ربوہ 24 دسمبر 1980ء)

☆..................☆..................☆

مکرم عبدالحمید صاحب

اے فضل عمر تیرے اوصاف کریمانہ

حضرت مصلح موعود کی زندگی اور کارناموں پر ایک نظر

1886ء کی بات ہے کہ سیدنا حضرت مسیح موعود ہوشیار پور میں گوشہ نشینی فرماتے ہوئے اپنے مولیٰ سے دین حق کی سربلندی کے لئے ایک تازہ نشان طلب کررہے تھے۔ تب اللہ تعالیٰ نے آپ کی تڑپ کو دیکھا، آپ کی گریہ وزاری کو شرف قبولیت بخشا اور آپ کو ایک ایسے عظیم الشان بیٹے کی بشارت دی جس کا آنا خدا کا آنا تھا۔ جس سے قوموں نے برکت حاصل کرنی تھی۔ جس نے اسیروں کی رستگاری کا موجب بننا تھا اور جس نے زمین کے کناروں تک شہرت پانی تھی۔

12 جنوری 1889ء کا دن جماعت احمدیہ کے لئے ایک بہت ہی بابرکت اور یادگار دن ہے۔ یہ وہ عظیم الشان دن ہے جس دن حضرت مرزا بشیرالدین محمود احمد خلیفۃ المسیح الثانی کی ولادت باسعادت الٰہی بشارتوں کے مطابق قادیان میں ہوئی۔

آپ کی پیدائش پیشگوئی میں بیان فرمودہ عرصہ کے اندر ہوئی حضرت مسیح موعود کی صداقت کا منہ بولتا ثبوت ہے۔

ایک معصوم اور پاک انسان جن کے پاکیزہ بچپن کے بارہ میں حضرت مفتی محمد صادق صاحب رفیق حضرت اقدس فرماتے ہیں۔ میں حضرت اولوالعزم مرزا بشیرالدین محمود احمد کو ان کے بچپن سے دیکھ رہا ہوں کہ کس طرح ہمیشہ ان کی عادت حیاء اور شرافت اور صداقت اور دین کی طرف متوجہ ہونے کی تھی اور حضرت مسیح موعود کے دینی کاموں میں بچپن سے ہی ان کو شوق تھا۔ نمازوں میں اکثر حضرت مسیح موعود کے ساتھ جاتے اور خطبہ سنتے۔ ایک دفعہ مجھے یاد ہے جب آپ کی عمر دس سال کے قریب ہوگی آپ حضرت مسیح موعود کے ساتھ نماز میں کھڑے تھے اور پھر سجدہ میں بہت رو رہے تھے۔
(الفضل قادیان 20 جنوری 1928ء)

محمود عمر میری کٹ جائے کاش یونہی
ہو روح میری سجدہ میں سامنے خدا ہو

آپ کے پاکیزہ بچپن کے بارہ میں ایک اور روایت کو یادوں کی محفل کا حصہ بناتے ہیں۔

حضرت مولانا شیر علی صاحب فرماتے ہیں:

''حضور کا سارا بڑھنا اور بابرگ و بار ہونا میری آنکھوں کے سامنے ہوا۔ آپ ایک نازک پتیوں والے چھوٹے پودے کی طرح تھے جب کہ میں نے پہلی دفعہ حضور کو دیکھا اور یہ پودا میرے دیکھتے دیکھتے جلد جلد بڑھ کر پھول پھل لایا اور وہ حیرت انگیز ترقی کی جس کو دیکھ کر آنکھیں چندھیا جاتیں اور عقل دنگ ہو جاتی ہے اگر کوئی قابل انشاپرداز ہوتو وہ شاید اس حیرت انگیز ترقی کا نقشہ کھینچنے کی کچھ کوشش کرتا لیکن میں تو اس سے زیادہ نہیں کرسکتا کہ اس بات کی شہادت دوں کہ جو کچھ خدا تعالیٰ کے پاک کلام میں آپ کی نسبت پہلے سے خبر دی گئی تھی اس کو میں نے اپنی آنکھوں سے لفظ بلفظ پورا ہوتے دیکھ لیا۔''

حضرت مصلح موعود کے بارے میں جو کچھ اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح موعود کو بتلایا تھا۔ وہ لفظاً لفظاً پورا ہوا۔ ''خدا کا سایہ اس کے سر پر ہوگا۔ وہ جلد جلد بڑھے گا۔'' چنانچہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے وہ جلد جلد بڑھا اور حضرت خلیفۃ المسیح الاول کی وفات پر 14 مارچ 1914ء کو اللہ تعالیٰ نے انہیں خلافت کا تاج عطا فرمایا۔

گویا افق احمدیت پر خلافت کا ایک چاند غروب ہوا تو ایک اور چاند طلوع ہوا، اُسی طرح روشن اور چمکتا ہوا اور نور آسمانی سے جگمگاتا ہوا۔ جس طرح حضرت خلیفۃ المسیح الاول نے آسمان احمدیت کو روشن کئے رکھا۔

حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر احمد صاحب نے اس موقع پر بڑے دلنشین انداز میں احمدیت کے ایک رخصت ہوتے ہوئے خلیفہ کو الوداع اور ایک قدم رنجہ فرماتے ہوئے خلیفہ کو خوش آمدید کہتے ہوئے تحریر فرمایا۔

''اے جانے والے تجھے تیرا پاک عہد خلافت مبارک ہو کہ تو نے اپنے امام و مطاع مسیح کی امانت کو خوب نبھایا اور خلافت کی بنیادوں کو ایسی آہنی سلاخوں سے باندھ دیا کہ پھر کوئی طاقت اسے اپنی جگہ سے ہلا نہ سکی۔ جا! اور اپنے آقا کے ہاتھوں سے مبارک باد کا تحفہ لے اور رضوان یار کا ہار پہن کر جنت میں ابدی بسیرا کر اور اے آنے والے! تجھے بھی مبارک ہو کہ تو نے سیاہ بادلوں کی دل ہلا دینے والی گرجوں میں مسند خلافت پر قدم رکھا اور قدم رکھتے ہی رحمت کی بارشیں برسا دیں۔ تو ہزاروں کانپتے ہوئے دلوں میں سے ہو کر تخت امامت کی طرف آیا اور پھر ایک ہاتھ کی جنبش سے ان تھراتے ہوئے سینوں کو سکینت بخش دی۔ آ! اور ایک شکور جماعت کی ہزاروں دعاؤں اور تمناؤں کے ساتھ ان کی سرداری کے تاج کو قبول کر۔ تو ہمارے پہلو سے اٹھا ہے مگر بہت دور سے آیا ہے۔ آ! اور ایک قریب رہنے والے کی محبت اور دور سے آنے والے کے اکرام کا نظارہ دیکھ''۔

آپ کا دور خلافت اس لحاظ سے ممتاز اور نمایاں ہے کہ اس کے بارے میں سابقہ انبیاء وصلحاء کی پیشگوئیاں موجود ہیں۔ اس کے علاوہ اللہ تعالیٰ کے بے شمار نشانات اور اس کی پیہم تائیدات نے یہ ثابت کر دیا کہ آپ ہی وہ موعود خلیفہ ہیں جس کا وعدہ دیا گیا تھا۔

حضرت مصلح موعود کو خلافت کی ذمہ داریاں سنبھالتے ہی نہایت مشکل اور صبر آزما حالات کا سامنا کرنا پڑا۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے آپ کو ہر مشکل وقت میں اپنے خاص فضل اور رحم کا سہارا دیا اور خطرناک سے خطرناک وادی سے آپ اپنی جماعت کو نہایت کامیابی اور کامرانی سے بچاتے ہوئے فتح ونصرت کی نئی منازل کی طرف بڑھتے چلے گئے۔

مخالفین احمدیت کے بڑے بڑے بھیانک منصوبوں کے جواب میں ''میرا خدا میری مدد کو دوڑا چلا آرہا ہے۔'' ''زمین ہمارے دشمنوں کے پاؤں تلے سے نکل رہی ہے اور میں ان کی شکست کو ان کے قریب آتے دیکھ رہا ہوں۔'' کہہ کر جماعت کو تسلی دینے والا مردِ آسمانی خدا کے اذن سے آگے ہی آگے بڑھتا رہا۔

حضور کے دور خلافت میں جماعت احمدیہ کے خلاف کئی فتنے ظاہر ہوئے، ہر فتنے کا حضور نے انتہائی بہادری سے مقابلہ کیا اور احمدیت کی کشتی خدا کے فضل سے آگے ہی آگے بڑھتی چلی جائے گی۔۔ ہر فتنہ ناکام ہوا اور سفینہ احمدیت اکناف عالم کے کناروں کو جا ٹکرایا۔

دوست تو الگ رہے اولوالعزمی کے اس پیکر کو مخالفین بھی خراج تحسین پیش کئے بغیر نہ رہ سکے۔

تو نے دنیا کو دیا پیغام امن و آشتی
مصلح اقوام عالم آفریں صد آفریں
قوم احمد کے لئے تیری مساعی صبح و شام
کارہائے زندہ ترے پیکر عزم و یقیں

اللہ تعالیٰ نے آپ کو روحانی نعماء سے اس قدر حصہ وافر عطا کیا کہ آپ آسمان روحانیت کا ایک درخشندہ ستارہ بن کر نصف صدی سے زائد بھٹکے ہوؤں کو راہ راست پر لانے کا وسیلہ بنے۔

وقف رکھی عمر ساری خدمت دیں کے لئے
اپنے آرام وسکوں کا بھی نہ رکھا کچھ خیال

آپ کا وجود قبولیت دعا کا ایک زندہ اور مجسم معجزہ تھا۔ دعاؤں کے ساتھ آپ کو ایک عجیب نسبت تھی۔ دعاؤں نے آپ کو خلعت وجود بخشا، دعائیں ہی آپ کا سرمایہ حیات رہیں۔

جماعت کی محبت میں خدا تعالیٰ کے حضور آپ کی آنکھوں سے ٹپکنے والے آنسو رحمت باری کے اَن گنت قطرے بن کر آسمان سے برستے رہے اور آپ کی دعائیں قبولیت کا شرف پا کر رحمت کی گھنگھور گھٹائیں بن کر جماعت کے سروں پر چھائی رہیں۔ محبت کے سمندر کی یہ شان، کہ روئے زمین پہ پھیلے ہوئے احمدیوں میں سے ہر ایک یہی یقین رکھتا کہ حضور کی دعائیں ہمارے ساتھ ہیں۔

پھر یادوں کا دبستان کھل گیا۔ تصورات اور خیالات کی دنیا پر کسی کا کوئی اختیار نہیں۔ جلسہ گاہ کا پنڈال، لوگوں کا ایک جم غفیر، لوگ دوپہر سے جلسہ گاہ میں بیٹھے ہیں اب اندھیرا آہستہ آہستہ بڑھ رہا ہے۔ بعضوں کو حاجت محسوس ہورہی ہے کہ چند منٹ کے لئے ہی اٹھ جائیں لیکن اس ماحول میں جب بلا کی خاموشی ہے۔ سٹیج سے ایک مردِ خدا، نسلِ فارس کا موتی قرآنی انوار کے دریا بہا رہا ہے۔ کوئی بھی اس روحانی ماحول سے چند لمحوں کے لئے بھی جدا ہونے کو تیار نہیں۔ جادو بیان زمانہ قدیم کے کسی عظیم داستان گو کی طرح محفل کو انہوں نے اپنی جادوئی آواز سے مسحور کر دیا تھا۔ جب بولتے تو یوں لگتا کہ آواز فولاد کے پیکر سے پھوٹ رہی ہے۔ ان کے لہجے کی گل وگلزار کی خوشبو محفل کو معطر کر رہی تھی۔

شمع خلافت کے گرد پروانوں کی مانند جمع ہونے والے خوش قسمت، مسیح موعود کے غلام، جن کا طرہ امتیاز خلیفہ وقت کی آواز پر لبیک کہنا ہے۔ دین حق کی آبیاری کے لئے اپنا تن من دھن قربان کرنے والے، جو قیامت تک روشنی کے بلند اور پُرشکوہ مینار کا کام دیں گے۔ ایسے متاثر ہوئے کہ ان کی زندگی کا دھارا ہی بدل گیا۔ بابرکت شجرِ خلافت سے وابستہ ان دیوانوں کے دلوں سے آواز آتی۔

اندھیروں بھرے اس عجب دَہر میں
وفا کا دیا ہے ہمارا امام

اور پیارا امام بابرکت شجرِ احمدیت کی ان سرسبز شاخوں کے ایمان واخلاص کا تذکرہ اس طرح کرتا۔

فرمایا۔ ''خدا نے مجھے وہ تلواریں بخشی ہیں جو کفر کو ایک لحظہ میں کاٹ کر رکھ دیتی ہیں، خدا نے مجھے وہ دل بخشے ہیں جو میری آواز پر ہر قربانی کرنے کے لئے تیار ہیں۔ میں انہیں سمندر کی گہرائیوں میں چھلانگ لگانے کے لئے کہوں تو وہ سمندر میں چھلانگ لگانے کے لئے تیار ہیں۔ میں انہیں پہاڑوں کی چوٹیوں سے اپنے آپ کو گرانے کے لئے کہوں تو وہ پہاڑوں کی چوٹیوں سے اپنے آپ کو گرا دیں، میں انہیں جلتے ہوئے تنوروں میں کود جانے کا حکم دوں تو وہ جلتے تنوروں میں کود کر دکھا دیں۔ اگر خودکشی حرام نہ ہوتی، اگر خودکشی (دین) میں ناجائز نہ ہوتی تو میں اس وقت تمہیں یہ نمونہ دکھا سکتا تھا کہ جماعت کے سو آدمیوں کو میں اپنے پیٹ میں خنجر مار کر ہلاک ہو جانے کا حکم دیتا اور وہ سو آدمی اسی وقت اپنے پیٹ میں خنجر مار کر مر جاتا۔

شمع احمدیت کے پروانے جو حضرت اقدس کے وصال کے بعد آپ کی یاد میں ماہی بے آب کی طرح تھے۔ پیشگوئی ''مصلح موعود'' کے مصداق کو سامنے پا کر دلوں میں ایک عجیب طرح کی خوشی اور فرحت پا کر خوشی سے ''اچھلتے اور کودتے'' کہ خدا کی بات پوری ہوئی۔ انہیں حضرت مسیح موعود کی تضرعات اور ابتہال کی قبولیت اور رحمت و قدرت اور قربت کے اس نشان کے اس شان سے پورا ہونے پر بے حد خوش ہوں کہ جس سے دین کا شرف اور کلام اللہ کا مرتبہ ظاہر ہوا اور باطل اپنی نحوستوں کے ساتھ بھاگتا ہوا اور حق اپنی تمام برکتوں کے ساتھ جلوہ نما ہوتا ہوا نظر آنے لگا۔

حضرت مصلح موعود نے بعد دعویٰ مصلح موعود کے بعد اتمام حجت کی خاطر بعض اہم مقامات پر عام جلسے منعقد کرنے کا فیصلہ فرمایا۔ چنانچہ 20 فروری 1944ء کو ہوشیار پور، 12 مارچ 1944ء کو لاہور، 23 مارچ 1944ء کو لدھیانہ اور 12/اپریل 1944ء کو دہلی میں شاندار جلسے منعقد ہوئے۔

حضرت مصلح موعود کے بارہ میں پیشگوئی کے سب حصے اپنی کمال شان سے پورے ہوئے۔ آپ کی غیر معمولی ذہانت، فراست اور ظاہری و باطنی علوم کی وسعت کا غیر بھی اعتراف کئے بغیر نہ رہ سکے۔ چنانچہ جب حضور نے 1924ء میں یورپ کا سفر اختیار کیا تو اس سفر کے دوران دمشق کے قیام کے موقع پر اخبار ''العمران'' نے اپنی 10۔ اگست 1924ء کی اشاعت میں بعنوان ''مہدی دمشق میں'' لکھا جس کا ترجمہ یہ ہے کہ: ''جناب احمد قادیانی صاحب ہندوستان میں مہدی کے خلیفہ اپنے بڑے بڑے مصاحبین سمیت جو آپ کی جماعت کے بعض بڑے بڑے علماء ہیں دارالخلافہ میں تشریف لائے۔ ابھی آپ کے دارالخلافہ میں تشریف لانے کی خبر شائع ہی ہوئی تھی کہ بہت سے علماء و فضلاء آپ کے ساتھ گفتگو کرنے اور آپ کی دعوت کے متعلق آپ سے مناظرہ ومباحثہ کرنے کے لئے آپ کی خدمت میں پہنچ گئے اور انہوں نے آپ کو نہایت عمیق ریسرچ رکھنے والا عالم اور سب مذاہب اور ان کی تاریخ وفلسفہ کا گہرا مطالعہ رکھنے والا شریعت الٰہیہ کی حکمت وفلسفہ سے واقف شخصیت پایا۔''

حضرت مصلح موعود کی تالیف و تصنیفات کی تعداد تقریباً اڑھائی صد ہے۔ آپ کی تصنیفات کا دائرہ نہایت وسیع ہے۔ آپ نے اخلاقیات اور روحانیات کے مختلف پہلوؤں پر بصیرت افروز کتب لکھیں اور آپ ہی کے عقدہ کشا قلم نے عمرانیات، سیاسیات اور اقتصادیات کے پیچیدہ مسائل کی گرہیں بھی کھولی ہیں۔ آپ شاعر اور ادیب بھی تھے اور مترجم ومفسر قرآن بھی۔ نیز آپ اعلیٰ درجہ کے مقرر اور خطیب تھے۔

اے فضل عمر تیرے اوصاف کریمانہ
یاد آ کے بناتے ہیں ہر روح کو دیوانہ
ڈھونڈیں تو کہاں ڈھونڈیں پائیں تو کہاں پائیں
سلطان بیاں تیرا انداز خطیبانہ

آپ کی زندۂ جاوید اور دلآویز تصانیف سرچشمہ علم وعرفان ہیں۔ جو موجودہ وآئندہ نسلوں کے لئے قیامت تک مشعل راہ کا کام دیں گی اور آنے والی نسلیں آپ پر محبت وعقیدت کے پھول نچھاور کرتی رہیں گی۔

قرآن مجید سے گہری وابستگی اور قلبی لگاؤ اور قرآنی عظمت وشان بیان کرتے ہوئے آپ فرماتے ہیں۔ ''میں نے تو آج تک نہ کوئی ایسی کتاب دیکھی اور نہ مجھے کوئی ایسا آدمی ملا جس نے مجھے کوئی ایسی بات بتائی جو قرآن کریم کی تعلیم سے بڑھ کر ہو یا قرآن کریم کی کسی غلطی کو ظاہر کر رہی ہو یا کم از کم قرآن کریم کی تعلیم کے برابر ہی ہو۔ محمد ﷺ جس کے سامنے تمام علوم ہیچ ہیں۔ چودھویں صدی علمی ترقی کے لحاظ سے ایک ممتاز صدی ہے۔ اس میں بڑے بڑے علوم نکلے۔ بڑی بڑی ایجادیں ہوئیں اور بڑے بڑے سائنس کے عقدے حل ہوئے مگر یہ تمام علوم محمد ﷺ کے علم کی گرد کو بھی نہیں پہنچ سکے۔''

(الفضل 30 جون 1939ء)

خلافت ثانیہ کا دور بلاشبہ جماعت احمدیہ کی تاریخ میں سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔ حضرت مصلح موعود نے اپنے 52 سالہ دور میں وہ کارنامے سرانجام دیئے جو آنے والی نسلوں کے لئے منارۂ نور ہیں۔

دور خلافت ثانیہ میں ترقیات کی چند جھلکیاں

☆ صدر انجمن احمدیہ میں مختلف نظارتوں کا قیام ہوا۔ ☆ مجلس مشاورت کا باقاعدہ آغاز ہوا۔ ☆1934ء میں تحریک جدید کا اجراء ہوا۔ ☆ تمام ذیلی تنظیموں کا قیام آپ کے مبارک دور میں ہوا۔ ☆ تحریک ''وقف جدید'' کا اجراء۔ ☆1928ء میں آپ نے سیرۃ النبیؐ کے جلسوں کی تحریک فرمائی۔

تقسیم ملک کے وقت ربوہ جیسے بے آب وگیاہ علاقہ میں ایک فعال مرکز قائم کیا۔ بے سروسامانی کے باوجود ایک پُر رونق بستی کا آباد کر دینا خود اپنی ذات میں ایک بڑا کارنامہ ہے۔

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی ایک مذہبی جماعت کے لیڈر تھے۔ اس لئے آپ ملک کے سیاسی معاملات میں حصہ لینا پسند نہیں کرتے تھے۔ لیکن چونکہ آپ کے دل میں مسلمانوں کے لئے بہت ہی ہمدردی تھی اور ملکی معاملات کا مسلمانوں پر بھی اثر پڑتا تھا۔ اس لئے آپ نے کئی نازک اور ضروری مواقع پر بڑی عمدگی کے ساتھ مسلمانوں کی راہنمائی اور مدد کی۔

حضور کا ایک بہت عظیم کارنامہ شدھی تحریک کا استیصال کرنا ہے۔ 1923ء میں آریہ سماجی راہنما شدھی تحریک میں اپنی بظاہر فتح میں بہت مسرور تھے۔ دین کا یہ دشمن بڑے تکبر سے یہ خبریں دے رہا تھا کہ:

''نواح آگرہ میں راجپوتوں کو تیز رفتاری سے شدھ کیا جا رہا ہے اور اب تک چالیس ہزار تین سو راجپوت ملکانے، گوجر اور جاٹ ہندو ہو چکے ہیں''۔

ان حالات میں اولوالعزمی کا یہ پیکر اس عزم وہمت کے ساتھ میدان عمل میں اترا کہ رہتی دنیا تک دین مصطفوی ﷺ کے دفاع کے باب میں ایک زندہ جاوید مثال قائم کر دی۔ آپ آریہ سماج کے اس وار کے سامنے اپنے غلاموں کو لے کر بنیان مرصوص بن کر کھڑے ہو گئے۔

اس جنگ میں آسمانی بادشاہت کے دولہا کی قیادت میں مجاہدین احمدیت کے ہاتھوں شدھی تحریک کو جس عبرتناک ناکامی کا منہ دیکھنا پڑا اس کا اقرار مسلمانوں نے برملا کیا۔ چنانچہ شیخ نیاز علی ایڈووکیٹ کا بیان اخبار زمیندار میں ان الفاظ میں چھپا:

